روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FR-10

الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ہفتہ 24 دسمبر 2011ء 28 محرم 1433 ہجری 24 فتح 1390 ہش جلد 61-96 نمبر 289

اسی کی بادشاہی ہے

اور وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا اور جس دن وہ کہتا ہے ''ہو جا'' تو وہ ہونے لگتا ہے اور ہو کر رہتا ہے۔ اس کا قول سچا ہے اور اسی کی بادشاہی ہوگی جس دن صور میں پھونکا جائے گا۔ غیب کا اور حاضر کا جاننے والا ہے اور وہ صاحبِ حکمت (اور) ہمیشہ باخبر رہنے والا ہے۔

(الانعام :74)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یادر ہے کہ منتہا سلوک کا پنجم درجہ ہے اور جب پنجم درجہ کی حالت اپنے کمال کو پہنچ جاتی ہے تو اس کے بعد چھٹا درجہ ہے جو محض ایک موہبت کے طور پر ہے اور جو بغیر کسب اور کوشش کے مومن کو عطا ہوتا ہے اور کسب کا اس میں ذرہ دخل نہیں اور وہ یہ ہے کہ جیسے مومن خدا کی راہ میں اپنی روح کھوتا ہے تو ایک روح اس کو عطا کی جاتی ہے۔ کیونکہ ابتدا سے یہ وعدہ ہے کہ جو کوئی خدا تعالیٰ کی راہ میں کچھ کھوئے گا وہ اسے پائے گا۔ اس لئے روح کو کھونے والے روح کو پاتے ہیں۔ پس چونکہ مومن اپنی محبت ذاتیہ سے خدا کی راہ میں اپنی جان وقف کرتا ہے اس لئے خدا کی محبت ذاتیہ کی روح کو پاتا ہے جس کے ساتھ روح القدس شامل ہوتا ہے۔ خدا کی محبت ذاتیہ ایک روح ہے اور روح کا کام مومن کے اندر کرتی ہے اس لئے وہ خود روح ہے اور روح القدس اس سے جدا نہیں۔ کیونکہ اس محبت اور روح القدس میں کبھی انفکاک ہو ہی نہیں سکتا۔ اسی وجہ سے ہم نے اکثر جگہ صرف محبت ذاتیہ الٰہیہ کا ذکر کیا ہے اور روح القدس کا نام نہیں لیا کیونکہ ان کا باہم تلازم ہے اور جب روح کسی مومن پر نازل ہوتی ہے تو تمام بوجھ عبادات کا اس کے سر سے ساقط ہو جاتا ہے اور اس میں ایک ایسی قوت اور لذت آ جاتی ہے جو وہ قوت تکلف سے نہیں بلکہ طبعی جوش سے یاد الٰہی اس سے کراتی ہے اور عاشقانہ جوش اس کو بخشتی ہے۔ پس ایسا مومن جبرائیل علیہ السلام کی طرح ہر وقت آستانہ الٰہی کے آگے حاضر رہتا ہے اور حضرت عزت کی دائمی ہمسائیگی اس کے نصیب ہو جاتی ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ اس درجہ کے بارے میں فرماتا ہے والذین هم علیٰ صلوٰتهم ...... یعنی مومن کامل وہ لوگ ہیں کہ ایسا دائمی حضور ان کو میسر آتا ہے کہ ہمیشہ وہ اپنی نماز کے آپ نگہبان رہتے ہیں۔ یہ اس حالت کی طرف اشارہ ہے کہ اس درجہ کا مومن اپنی روحانی بقا کے لئے نماز کو ایک ضروری چیز سمجھتا ہے اور اس کو اپنی غذا قرار دیتا ہے جس کے بغیر وہ جی ہی نہیں سکتا۔ یہ درجہ بغیر اس روح کے حاصل نہیں ہو سکتا جو خدا تعالیٰ کی طرف سے مومن پر نازل ہوتی ہے کیونکہ جب کہ مومن خدا تعالیٰ کے لئے اپنی جان کو ترک کر دیتا ہے تو ایک دوسری جان پانے کا مستحق ہوتا ہے۔

(براہین احمدیہ۔ روحانی خزائن جلد 21 صفحہ 233)

بیوت الحمد منصوبہ اور خدمت خلق

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے 1982ء میں بیت بشارت سپین کے افتتاح کے موقع پر بطور شکرانہ بیوت الحمد سکیم کا اعلان فرمایا۔ جس میں ابتدائی طور پر 100 گھر تعمیر کر کے خدا کے حضور پیش کرنے تھے۔ اسی بیوت الحمد منصوبہ کے تحت بیوگان اور مستحقین کو حسب ضرورت رہائش کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔ اس میں خدا نے برکت دی اور اس وقت تک ہر قسم کی سہولیات سے آراستہ بیوت الحمد کالونی میں 112 کوارٹرز تعمیر ہو چکے ہیں اور مزید 18 کوارٹرز آج کل زیر تعمیر ہیں۔ اسی طرح 700 سے زائد خاندانوں کی ان کے اپنے مکانوں کی تعمیر و توسیع کیلئے کروڑوں روپے کی امداد دی جا چکی ہے اور یہ سلسلہ جاری ہے۔ احباب جماعت اس بابرکت تحریک میں زیادہ سے زیادہ مالی قربانی پیش فرمائیں۔ ایک مکمل مکان کی تعمیر کے اخراجات کم وبیش 20 لاکھ روپے ہوتے ہیں۔ ایک مکان کے پورے اخراجات سے لے کر حسب استطاعت آپ جو بھی مالی قربانی پیش فرمائیں مقامی جماعت کے نظام کے تحت یا براہ راست مَد بیوت الحمد خزانہ صدر انجمن احمدیہ میں ارسال فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

(صدر بیوت الحمد منصوبہ)

فارسی پر عبور رکھنے والے احباب رابطہ کریں

وکالت تصنیف کو فارسی پر عبور رکھنے والے احباب سے رابطہ کی ضرورت ہے۔ ایسے احباب سے گزارش ہے کہ اپنے ای میل ایڈریس سے وکالت تصنیف کو مطلع فرمائیں ای میل ایڈریس tasnif.pakistan@gmail.com اور ٹیلی فون نمبر 047-6213074 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

(وکیل التصنیف تحریک جدید ربوہ)

مکرم سید شمشاد احمد ناصر صاحب

چرچ میں احمدیت کا پیغام

بیت الحمید لاس اینجلس کے علاقہ میں خداتعالیٰ کے فضل سے ہماری امن و محبت، رواداری، برداشت اور دینی تعلیم پھیلانے کا ایک نشان اور علامت ہے۔ دین حق کے بارہ میں سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں سے طلباء معلومات حاصل کرنے کے لئے آتے ہیں۔ ان طلباء کو نہ صرف زبانی معلومات بہم پہنچائی جاتی ہیں بلکہ ان کے مطالبہ پر لٹریچر اور سی ڈیز بھی دی جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ ایک اور فائدہ یہ ہوا ہے کہ مذہبی لیڈروں سے مل کر ہم انہیں اپنی بیت الذکر میں خوش آمدید کہتے ہیں اور دین حق کا تعارف کراتے ہیں اور کبھی وہ ہمیں اپنی عبادت گاہوں میں بلاتے ہیں اور پھر ان کے مذہبی لیڈر اپنے اپنے مذہب یا فرقہ کے بارہ میں معلومات اور عقائد بیان کرتے ہیں۔ اس کے بعد سوال وجواب ہوتے ہیں۔ اُن کے پیروکار ہم سے دین کے بارہ میں اور جماعت احمدیہ کا دوسرے فرقوں سے اختلاف، نیز عورتوں کے بارہ میں، پردہ، نماز وغیرہ امور پر سوالات کرتے ہیں۔ اور ہمارے دوست ان کے عقائد و تعلیمات وغیرہ کے بارہ میں اُن سے سوالات پوچھتے ہیں۔

ایک یونیٹیرین چرچ کی خاتون پادری Rev. Ann Schranz نے گزشتہ دنوں اخبار ڈیلی بلٹن میں ایک مضمون میں احمدیت کے بارہ میں لکھا کہ یہ پہلی ...... آرگنائزیشن ہے جس نے امریکہ میں قرآن مجید ترجمہ کے ساتھ پھیلایا۔ انہوں نے اپنے مضمون کے آخر میں اپنا نام اور پتہ دیا ہوا تھا۔ خاکسار نے ان کے ایڈریس پر ان سے رابطہ کیا اور انہیں بیت الذکر آنے کی دعوت دی جو انہوں نے خوش دلی سے قبول کر لی۔ ان کے ساتھ تقریباً پون گھنٹہ مختلف موضوعات پر گفتگو ہوئی۔ خاکسار نے ان کا اپنے مضمون میں ہمارا ذکر کرنے پر شکریہ بھی ادا کیا۔ اس ملاقات میں ان کے ساتھ طے پایا کہ نومبر کے مہینے میں وہ خاکسار کو اپنے چرچ میں آنے کی دعوت دیں گی اور اس کی تاریخ بھی مقرر کر دی۔

انہوں نے اتوار کے دن ہونے والی اپنی عبادت (سروس) کا پروگرام شائع کیا اور اس پروگرام کے سرورق پر ''ریویو آف ریلیجنز یعنی دنیا کے مذاہب پر ایک نظر'' اردو میں لکھا ہوا تھا اور اس کے اوپر انگریزی میں '' Gratitude for Religious Diversity '' لکھا۔ (یعنی مختلف مذاہب کے اجتماع پر اظہار تشکر)۔

پروگرام کے اندر والے صفحہ پر ہماری مرکزی ویب سائٹ سے اخذ کیا ہوا انگریزی میں جماعت احمدیہ کا مختصر تعارف پیش کیا ہوا تھا۔ جماعت کے تعارف میں انہوں نے خصوصیت سے یہ ذکر کیا کہ جماعت احمدیہ ایک منفرد...... فرقہ ہے جس کا عقیدہ ہے کہ موعود مسیح حضرت مرزا غلام احمد قادیانی صاحب (1835ء-1908ء) کا ظہور ہو چکا ہے اور جماعت احمدیہ عقیدہ رکھتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مرزا غلام احمد قادیانی صاحب کو مسیح کے نقش قدم پر بھیجا ہے جس کا مقصد مذہبی جنگوں کا خاتمہ، دہشت گردی کو Condemn کرنا اور دنیا میں دوبارہ امن، اخلاق، عدل اور انصاف کو قائم کرنا ہے۔ اس کے ساتھ ہی انہوں نے اس پروگرام میں اس بات کا بھی اظہار کیا ہوا تھا کہ امریکہ میں یوم تشکر کے موقع پر ہم بیت الحمید کے امام شمشاد احمد ناصر کے ساتھ مل کر خداتعالیٰ کے انعامات پر شکر ادا کرتے ہیں کہ ہمیں اکٹھے ہونے کا موقع ملا۔ اور امام شمشاد کے ساتھ Rev.Ann بھی شمولیت اختیار کر رہی ہیں۔

تاریخ مقررہ پر خاکسار چند دوستوں کو ساتھ لے کر ان کے چرچ گیا۔ چرچ کی خاتون پادری نے ہم سب کا بڑے تپاک سے خیر مقدم کیا اور چرچ کے اندر لے جا کر ہمیں فرنٹ سیٹوں پر جگہ دی۔

چرچ میں جو عبادت کا تصور ہے وہ ویسا ہرگز نہیں جیسا ہماری بیوت الذکر میں ہوتا ہے۔ ان کے ہاں حمد و تعریف تو ضرور ہوتی ہے مگر میوزک کی دھن میں یا سب اکٹھے مل کر حمد و تعریف گاتے ہیں اور اس عبادت کو لیڈ کرنے والے بھی ہوتے ہیں۔ اپنی اس قسم کی عبادتوں سے فارغ ہو کر جس وقت پادری خاتون نے اپنا Sermon (خطبہ) دینا تھا اس میں محترمہ نے خاکسار کو ڈائس پر آنے کی دعوت دی۔ اس سے قبل انہوں نے جماعت احمدیہ کا تعارف بھی کرایا اور بڑے احسن انداز میں اپنے پیروکاروں کو وہ سب معلومات بہم پہنچائیں جو جماعت سے تعلق رکھتی تھیں۔ مثلاً یہ کہ احمدیہ فرقہ کا آغاز قادیان کی چھوٹی سی بستی سے ہوا اور اب یہ جماعت دنیا کے 200 ممالک میں پھیل چکی ہے۔ جماعت احمدیہ نے قرآن مجید کا امریکہ میں انگریزی ترجمہ پھیلایا اور اب تک دنیا کی 60 سے زائد زبانوں میں ترجمہ قرآن شائع ہو چکا ہے۔ نیز انہوں نے حضرت مسیح موعود اور آپ کے جانشینوں کا بھی تذکرہ کیا اور بتایا کہ اس وقت ان کے موجودہ امام حضرت مرزا مسرور احمد صاحب ہیں۔ انہوں نے ہماری ویب سائٹ اور M.T.A کا بھی ذکر کیا۔

ڈائس پر آ کر خاکسار نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا کہ اس نے ہمیں اس طرح اکٹھے ہونے کا موقع فراہم کیا ہے اور خاتون پادری اور حاضرین کا بھی شکریہ ادا کیا۔ اس کے بعد خاکسار نے ان کے پہلے سے دیے ہوئے سات سوالوں کے بارہ میں تفصیل سے ذکر کیا۔ ان کے چند سوالات درج ذیل ہیں:۔

جماعت احمدیہ کا تعارف کرائیں؟ مرزا غلام احمد کون تھے؟ ان کی تعلیمات کیا تھیں؟

ان کی تعلیمات نے آپ لوگوں کو کیسے متاثر کیا اور اس کے ذریعہ کیا تبدیلی رونما ہوئی؟ آپ (امام) کیسے بنے؟ کیا اس کے لیے جماعت میں کوئی خاص طریقہ کار ہے؟ جماعت احمدیہ نے مختلف زبانوں میں قرآن کریم کے تراجم کیے ہیں اس بارہ میں مزید معلومات فراہم کریں؟

دنیا کے مختلف ممالک مثلاً انڈونیشیا وغیرہ میں جماعت احمدیہ کے افراد دوسرے لوگوں کے مظالم کا نشانہ بنے ہوئے ہیں ایسا کیوں ہے اور ہم آپ کی کس طرح مدد کر سکتے ہیں؟

انہوں نے ایک سوال یہ بھی کیا کہ بہت سے لوگ خداتعالیٰ کو نہیں مانتے آپ ان کے ساتھ کیسا سلوک کریں گے؟

خاکسار نے ان کے تمام سوالات کے تفصیل سے جواب دیے اور جب خاکسار نے اپنی تقریر ختم کی تو سب حاضرین نے تالیاں بجا کر شکریہ ادا کیا اور احترام میں کھڑے ہو گئے۔

اس طرح دعوت الی اللہ کا یہ ایک سنہری موقع تھا جو اللہ تعالیٰ نے ہمیں عطا کیا۔ خاکسار نے اس موقع پر محترمہ پادری صاحبہ کو انگریزی میں قرآن مجید کی شارٹ کمنٹری، اسلامی اصول کی فلاسفی اور جماعت احمدیہ میں شامل ہونے والے افراد کے ایمان افروز واقعات پر مشتمل کتاب تحفہ میں پیش کی۔ اس موقع پر حاضرین کو بھی قرآن مجید کی سی ڈیز اور جماعت احمدیہ کے تعارف پر مشتمل پمفلٹ تقسیم کئے گئے۔ اس پروگرام کے بعد انہوں نے ریفریشمنٹ کا انتظام کر رکھا تھا۔ ریفریشمنٹ کے دوران بھی چرچ میں آئے ہوئے بہت سے لوگوں نے خاکسار کے پاس آ کر شکریہ ادا کیا اور مزید سوالات بھی پوچھے۔

محترمہ پادری صاحبہ نے ای۔میل کے ذریعہ بھی ہمارا شکریہ ادا کیا۔

میں اس بات کا اظہار کیے بغیر نہیں رہ سکتا کہ یورپ اور امریکہ میں خداتعالیٰ کے فضل سے ہر جگہ مذہبی آزادی ہے نہ صرف مذہبی آزادی بلکہ اظہار خیال پر بھی مکمل آزادی ہے۔ وہ آزادی جس کا دین علمبردار ہے ان کے آئین اور قوانین میں شامل ہے۔ ان میں دوسروں کی بات سننے اور حوصلے سے برداشت کرنے کی بھی زبردست صلاحیت ہے اور ملکی قوانین کی بالادستی ہے۔

ہاں بعض ایسے بھی نام نہاد پادری، ریبائی (Rabi) اور دوسرے مذہبی لیڈر ضرور ہیں جو انتہا پسند ہیں اور دین حق اور رسول اللہ ﷺ کو نعوذ باللہ برا جانتے ہیں اور آئے دن غلط قسم کے اعتراضات کی بوچھاڑ کرتے رہتے ہیں اور اس کے لئے خدا تعالیٰ کے فضل سے عالم گیر جماعت احمدیہ خلافت کے بابرکت زیرسایہ ان اعتراضات کے مدلل و مسکت جواب دیتی ہے۔ جس کے خدا تعالیٰ کے فضل سے خوش کن نتائج بھی نکل رہے ہیں۔

چرچ میں یہ تقریب 27 نومبر 2011ء ہوئی۔ خاکسار کے ساتھ خدام نے پمفلٹ اور سی ڈیز کی تقسیم اور سوالات کے جوابات دینے میں معاونت کی۔

خلافت میں پنہاں

میرا دین و ایماں خلافت میں پنہاں
ہے تمکینِ دیں اس صداقت میں پنہاں

بھلائی بنی نوع کی جو ہے مقدر
اسی کے ہی درسِ ہدایت میں پنہاں

ہے اس دورِ نخوت ہوا و ہوس میں
اک آبِ حیات اس حلاوت میں پنہاں

کروں پیش تحفہ میں، میں نقد جاں کو
ہے حکم دعا جس اطاعت میں پنہاں

ترقی کے سارے قرینے ہیں محمودؔ!
ہمارے عدو کی عداوت میں پنہاں

محمود انور

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

مکرم شمس الدین التمش صاحب

محترم ناصر احمد ظفر بلوچ صاحب کا ذکر خیر

ہے حکم تمہیں گھر جانے کا اور ہم کو ابھی کچھ ٹھہرنے کا
تم ٹھنڈے ٹھنڈے گھر جاؤ ہم پیچھے پیچھے آتے ہیں

مکرم ناصر احمد ظفر بلوچ صاحب ابن مکرم مولانا ظفر محمد ظفر صاحب سابق پروفیسر جامعہ احمدیہ، حضرت حافظ فتح محمد خان صاحب مندرانی ضلع ڈیرہ غازی خان رفیق حضرت مسیح موعود کے پوتے اور صوبیدار میجر حضرت ڈاکٹر ظفر حسن صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کے نواسے تھے۔ آپ کے والد محترم کا ذکر خیر کرتے ہوئے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے شعراء کے پروگرام مورخہ 15 مارچ 1994ء میں فرمایا ''مولوی ظفر محمد صاحب ظفر مرحوم مغفور اردو، عربی، فارسی میں بہت اعلیٰ پایہ کا کلام تھا۔ آپ کا میرے ساتھ اگرچہ طالب علمی اور استاد کا رشتہ تو نہیں رہا لیکن مجھ سے تعلق بہت گہرا تھا۔ دفتر وقف جدید میں اکثر آ کر بیٹھتے تھے۔ قرآنی مطالب کو سمجھنے کا شوق آپ کو بہت تھا اور کئی دفعہ بڑے اچھے نکتے نکال کر لاتے تھے۔ ایک عجیب درویش انسان تھے۔

خاکسار کا تعارف مئی 2002ء میں مکرم ناصر ظفر بلوچ صاحب سے ہوا اور تقریباً سات سال ان کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملا۔ سروس کے دوران میں نے مکرم بلوچ صاحب مرحوم کو محنتی، دیانتدار، ذہین، معاملہ فہم صوم وصلوٰۃ کے پابند اور اپنے کام کے معاملہ میں بہت تجربہ کار پایا۔ اپنی ذمہ داری خلوص اور دیانتداری سے نبھاتے۔ صائب الرائے تھے کہ ہر شخص آپ سے مشورہ کر کے مطمئن ہو جاتا تھا۔ آپ کے مشوروں کو ہر شخص بہت اہمیت دیتا تھا۔ کیونکہ یہ ہمیشہ ہی اخلاص، مشاہدہ، تجربہ کاری، دوراندیشی اور دیانتداری پر مبنی ہوتے تھے۔ جو بھی اپنے کام کے سلسلہ میں آپ کے پاس آتا آپ ہمیشہ کھڑے ہو کر اسے ملتے اور رخصت کے وقت بھی ایسا ہی کرتے۔ خلافت سے عشق کا تذکرہ ہو، مرکز سلسلہ سے تعلق کا پیمانہ ہو۔ غریبوں سے ہمدردی اور ان کی عملی مدد کا پہلو ہو۔ دوست احباب سے غمخواری کا بیان ہو۔ رشتہ داروں سے حسن سلوک کا معاملہ، ہمیشہ صف اول میں نظر آتے تھے۔ میرا ہی نہیں ملنے والے ہر شخص کا ان سے ملاقات کے بعد یہی خیال ہوتا تھا۔ ؎

زندگی سے یہی گلہ ہے مجھے
تو بڑی دیر سے ملا ہے مجھے

دفتر کے ہر کیس کو راز سمجھتے اور کسی دوسرے سے اس کا ذکر نہ کرتے کہ اس طرح اس فریق کو علم ہوا تو اس کی دل آزاری ہو گی ان کے ذمہ جو بھی کام لگایا جاتا وہ بڑی سوچ بچار ذہانت اور دیانتداری سے کرتے۔ غیر از جماعت دوست بھی کثیر تعداد میں اپنے کاموں کے سلسلہ میں آپ کے پاس آتے اور مطمئن ہو کر واپس جاتے۔ حضور کو اکثر و بیشتر دعا کیلئے لکھتے رہتے۔ انتہائی مہمان نواز تھے۔ گھر میں بھی جانے کا اتفاق ہوا۔ دفتر کے کاموں میں ہی مصروف نظر آتے۔ آپ قائد مجلس خدام الاحمدیہ احمد نگر اور طویل عرصہ صدر جماعت احمدیہ احمد نگر بھی رہے اور اس کے علاوہ محترم حکیم خورشید احمد صاحب صدر عمومی کے دور میں بطور سیکرٹری امور عامہ بھی خدمات انجام دیں اور نظارت امور عامہ میں بھی کافی عرصہ خدمت کا موقعہ ملا۔ بعض دفعہ جب مجھے کام زیادہ ہونے کی وجہ سے سردیوں کی راتوں کو دفتر بلایا گیا تو آدھی رات کو دفتر کی گاڑی مجھے لے بھی جاتی اور چھوڑ بھی جاتی اگر کبھی دن میں کام زیادہ ہوتا تو میں گھر نہ آتا تھا مکرم بلوچ صاحب مرحوم شعبہ خدمت خلق والوں کو خود ہی کہہ جاتے کہ دوپہر کو التمش صاحب کیلئے بھی لنگر خانہ سے کھانا منگوانا یاد رکھنا۔ گویا وہ ہر بات ذہن میں رکھتے تھے۔ بعض اہم رپورٹیں لکھوانی ہوتیں تو دفتر کے پچھلے ہال میں بیٹھ کر لکھواتے اور صدر صاحب عمومی سے دستخط کروا کر آتے اور بڑے پیار سے کہتے کہ اگر آپ یہ رپورٹ خود جا کر ناظر صاحب امور عامہ / ناظر صاحب اعلیٰ کے ہاتھ میں دے کر آئیں تو مناسب رہے گا۔ سرکاری انتظامیہ / پولیس والوں سے ان کی ڈیلنگ بہت اچھی تھی ویسے تو یہ کام اللہ تعالیٰ خود کرتا ہے مگر بعض افراد کو بعض اوصاف دوسروں کی نسبت زیادہ عطا کئے جاتے ہیں۔ ایک بار ذکر کرنے لگے کہ میرے والد صاحب مرحوم ہمیشہ میرے لئے یہی دعا کیا کرتے تھے کہ اے خدا میرے اس بیٹے کو نافع الناس بنانا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے والد صاحب مرحوم کی یہ دعا خوب سنی اور انہی کی دعاؤں کے طفیل مرحوم بلوچ صاحب آخر دم تک خدمت دین میں مصروف رہے۔ بیماری میں بھی دفتر آ جانا اور کام کرنا۔ گھریلو تنازعات ہوں لڑائی جھگڑے کے معاملات یا دیگر کسی قسم کے معاملات ان کو بڑے احسن رنگ میں بڑے پیار سے طے کروانا اور فریقین میں صلح صفائی کروا کر واپس بھجوانا۔ اگر کوئی فریق سخت بات کر بھی دیتا تو بڑی محبت سے اس کی بات سنتے اور کبھی بھی غصے کا اظہار نہ کرتے۔ بڑا مزہ آتا کہ کس طرح ابھی اتنے طیش میں آئے تھے اور کتنی صلح و صفائی سے گلے ملتے ہوئے جا رہے ہیں۔ غیر از جماعت مخالفین کے معاملات میں پولیس سے رابطہ رکھنا کہ ان کے جلسہ وغیرہ کے موقع پر پولیس والوں کے کھانے اور ٹھہرانے کا انتظام کرنا۔ ایک بار کہنے لگے کہ پولیس والے کھانا کھا رہے تھے اور ایک مولوی صاحب اپنی تقریر میں جماعت اور پولیس کو گالیاں دے رہے تھے۔ ایک پولیس والا بولا کہ دیکھو یہ فرق ہے اُن میں اور اِن میں۔ مولوی ہمیں گالیاں دے رہا ہے۔ اور یہ ہمیں کھانا کھلا رہے ہیں۔ یہی آپ کی کامیابی کا راز ہے۔ وہاں پولیس کے اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

نماز فجر کے بعد روزانہ سیر کرتے تھے۔ ایک بار سائیکل پر میرے گھر آئے اور باہر سے ہی مل کر اور حال احوال پوچھ کر چلے گئے۔ کہنے لگے کہ صبح سیر کیلئے بعض دفعہ سائیکل پر نکلتا ہوں اور آج سوچا کہ التمش صاحب کا حال پوچھ آؤں۔ میں نے بہت کوشش کی کہ بیٹھیں اور کم از کم چائے تو پئیں۔ مگر شکریہ کہہ کر چلے گئے۔ بلوچ صاحب نے اپنے گھر کے باہر ایک اضافی باتھ روم اور ایک کمرہ بنا رکھا تھا۔ تاکہ پولیس والوں اور دیگر مہمانوں کو بوقت ضرورت سہولت مل جائے۔ تھانہ آپ کے گھر سے چند قدم کے فاصلہ پر ہے۔ پولیس والوں کو جب بھی کسی چیز کی ضرورت ہوتی آپ کے گھر سے منگواتے تھے مجھے آج بھی مرحوم بلوچ صاحب کی ایک پُر حکمت بات یاد آتی ہے کہ پیچیدہ معاملات میں آمادہ جنگ فریق کو موت دکھائیں گے تو وہ بخار قبول کرے گا اور معاملہ ختم ہو جائے گا۔ لڑائی جھگڑے کے کیسز میں جو پولیس کے دائرہ اختیار میں ہوں مظلوم فریق کو فوراً مشورہ دیتے کہ احمد نگر جا کر سول ہسپتال سے میڈیکل بنوا لائیں اور دفتر میں جمع کروا دیں۔ پھر فریق ثانی کو بلوا کر سمجھانا اگر دیکھتے کہ یہ زیادہ غصے میں ہیں اور صلح کی طرف مائل نہیں تو پھر میڈیکل سرٹیفیکیٹ نکال کر دکھاتے اور بتاتے کہ اس کیس میں کون کون سی فوجداری دفعہ لگے گی کیونکہ یہ فوجداری کیس ہے اور ان دفعات میں ضمانت نہیں ہوتی۔ بس فریق وہیں ٹھنڈا۔ اس کے بعد بلوچ صاحب مرحوم نے نہ صرف صلح کروانی بلکہ تمام اخراجات جو دوسرے فریق کے طبی علاج کے سلسلہ میں ہوتے تھے وہ بھی دلواتے۔ بعض پیچیدہ تنازعات کو طے کروانے کیلئے فریقین کو ثالث کے ذریعہ فیصلہ کروانے کیلئے تیار کر لیتے اور ثالث کا تقرر کروا کے کیس سرپنچ ثالث کو بھجوا دیتے۔ آپ کی یہ دعا اللہ تعالیٰ نے قبول فرمائی کہ میں کسی کا محتاج نہ ہوں اور چلتے پھرتے ہی اللہ تعالیٰ کے حضور حاضر ہو جاؤں۔

آپ مورخہ 12 ستمبر 2011ء کو شیخ زاید ہسپتال لاہور میں چند روز کی مختصر علالت کے بعد انتقال فرمائے گئے۔ ؎

ٹال سکتا ہے خداوند تیری تقدیر کون
توڑ سکتا ہے تیرے قانون کی زنجیر کون
اپنی تو تدبیر بھی ہے قبضہ تقدیر میں
بن ترے ہے میرے مولا مالک تدبیر کون

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 7/اکتوبر 2011ء کے خطبہ جمعہ ہمبرگ جرمنی میں آپ کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا۔

''تیسرا جنازہ مکرم ناصر احمد ظفر صاحب ابن مکرم مولانا ظفر محمد ظفر صاحب کا ہے یہ بھی گو سرکاری ملازم تھے لیکن جماعتی خدمات مختلف موقعوں پر کرنے کی توفیق ملی۔ ریٹائرمنٹ کے بعد مستقل وقف کی طرح انہوں نے جماعت کی خدمات انجام دی ہیں اور علاقے کے لوگوں کے ساتھ ان کا اچھا میل جول تھا اور خلیفۃ المسیح الثالث بھی، خلیفۃ المسیح الرابع بھی اس کے بعد میں بھی مختلف لوگوں کے تعلق کی وجہ سے مختلف کاموں کیلئے بھیجتا رہتا تھا۔ اچھے ایک علاقے کے سوشل ورکر بھی تھے تعلقات بھی ان کو رکھنے آتے تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کے بھی درجات بلند فرمائے اور ان کے لواحقین کو صبر اور ہمت عطا فرمائے۔ آمین''

احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جس طرح آپ کی زندگی میں محبت کا سلوک کیا تھا اور اسی طرح آخرت میں محبت و شفقت کا سلوک فرمائے اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور ان کی دینی خدمات کو قبول فرمائے اور ان سے راضی ہو جائے ان کو اپنی رضا کی جنتوں کا وارث بنائے۔ ثم آمین ؎

جو بادہ کش تھے پرانے وہ اٹھتے جاتے ہیں
کہیں سے آب بقائے دوام لا ساقی

دنیا کا سب سے بڑا تالا

جنوری 2003ء میں جب گینز بک آف ورلڈ ریکارڈ کا نیا ایڈیشن اشاعت پذیر ہوا تو اس میں گوجرانوالہ (پاکستان) میں مقیم ایک کاریگر شیخ ظفر اقبال کا ذکر بھی موجود تھا جو دنیا کے سب سے بڑے تالے (سیکیورٹی لاک) کے مالک تھے۔ سٹیل سے بنے ہوئے اس تالے کی پیمائش 67.3x39.6x12 سینٹی میٹر (26.5x15.6x4.9 انچ) تھی اور اس کا وزن 96.3 کلوگرام (12.3 پونڈ) تھا۔

عام طور پر خیال کیا جاتا ہے کہ یہ تالا شیخ ظفر اقبال ہی نے بنایا تھا، مگر حقیقت یہ ہے کہ یہ تالا 1955ء میں شیخ ظفر اقبال کے والد شیخ محمد رفیق (وفات 1987ء) نے 3 سال کی محنت سے تیار کیا تھا۔

مکرم پروفیسر محمد شریف خان صاحب

مینڈک ایک انسان دوست ۔ مسکین جانور

1962ء میں ایم ایس سی کے آخری سال کے دوران میں نے پاکستان میں عام پائے جانے والے مینڈک (جسے عرف عام میں ڈڈی کہا جاتا ہے) کے انڈے سے لے کر مینڈک بننے تک کی نمو کے تمام مراحل کے دوران انڈا جو مختلف حالتیں stages بدلتا ہے اس کا سائنسی تفصیلی مطالعہ کیا تھا۔ 1965ء میں یہ تحقیقی مقالہ چھپا تو اس سے لوگوں کو میرے کام سے آگاہی ہوئی۔

میرے ریسرچ گائیڈ مرحوم ڈاکٹر احسن الاسلام پروفیسر زوآلوجی گورنمنٹ کالج تھے۔ پاکستان میں زوآلوجی سے متعلق تحقیق کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں بتایا کہ 1890ء کے بعد سے پاکستان میں ہوام (مینڈک، چلپائیوں اور سانپوں) پر کوئی سائنسی تحقیقی کام نہیں ہوا۔ اس لئے پاکستان میں ان عام پائے جانے والے جانوروں کے سائنسی ناموں سے کوئی واقف نہیں۔ اگر تم اس میدان میں آنا چاہو تو میدان کھلا ہے۔ ڈاکٹر صاحب سے میں نے ہوام پر تحقیقی کام کرنے کا وعدہ کیا۔

1963ء میں تعلیم الاسلام کالج جائن کیا تو ربوہ کے پُرسکون ماحول میں میرے تحقیقی کام کا آغاز اردگرد جنگلات میں گھوم پھر کر جانوروں کے مطالعہ کرنے سے ہوا۔ مزید میرے شاگرد میری فرمائش پر پاکستان کے طول وعرض سے اپنے علاقوں سے جانور محفوظ کر کے میری ضرورت پوری کرتے رہے۔ اس حوصلہ کے ساتھ میں اس اچھوتے اور نا معلوم موضوع پر تحقیقی کام کرنے کے لیے کمربستہ رہا۔ مجھے خود پاکستان کے دور اُفتادہ علاقوں میں جا کر کئی دن ویرانوں میں ٹھہر کران جانوروں کا قدرتی ماحول میں مطالعہ کرنے کا موقعہ ملتا رہا۔ سفر وحضر میں بھی دوستوں اور شاگردوں کا ساتھ رہا۔ میں ان سب دوست و احباب کا مشکور ہوں۔

جل تھلیوں پر پاکستان میں رہتے ہوئے تحقیقی کام کرنا سماجی لحاظ سے کتنا مشکل ہے۔ مجھے اس کا اندازہ نہ تھا۔ ایک نوآموز کی خفت کا کچھ اندازہ اس مختصر سی گفتگو سے کیجئے، جس کا مجھے ریسرچ کے دوران آئے دن واسطہ پڑتا رہا، بھری مجلس میں پوچھا جاتا:

''ہاں پروفیسر صاحب، سنا ہے آپ تحقیق کر رہے ہیں اور یہ کہ آپ کے کئی مقالے بیرون ملک چھپ بھی چکے ہیں۔ آپ کا موضوع کیا ہے؟''

''جی، میں پاکستان میں پائے جانے والے مینڈکوں پر تحقیقی کام کر رہا ہوں''۔

قہقہہ ''واہ صاحب، مینڈک بھی کوئی تحقیق کے قابل جانور ہیں، بس مینڈک، مینڈک ہیں آپ انہیں کیا ثابت کرنے پر تلے ہیں؟''

لیکن اس قسم کے مخالفانہ تبصرے میرے لئے مہمیز ثابت ہوئے، میں نے اس خفت کو اپنے پر کبھی طاری نہیں ہونے دیا، بلکہ میرا یہ شوق بڑھتا رہا۔ اب خدا تعالیٰ کے فضل سے، میرے اس موضوع پر کئی مقالے اور کتب چھپ چکی ہیں۔ مجھے فخر ہے ان مسکین جانوروں پر تحقیق کرنے اور ecosystem (انسانی ماحولیات) میں ان بظاہر غیر اہم جانوروں کی اہمیت واضح کرنے کی عزت پاکستان بھر میں مجھے ملی۔

گھر میں میرے سٹڈی روم کے میز پر مائیکرو سکوپ، میگنی فائنگ لینز اور الماریوں میں کتابوں کی بجائے شیشے کے مرتبانوں میں قسم ہا قسم کے سجے مینڈک وغیرہ، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور والوں کو جب میرے امریکہ جانے کا پتا لگا سب اٹھا کر لے گئے اور اب ان کے میوزیم آف نیچرل ہسٹری میں شائقین کو دعوت عمل دے رہے ہیں۔

چلیں اب ہم اپنے اصل موضوع پر بات کرتے ہیں۔ میری کوشش کے باوجود اس مضمون میں کچھ اصطلاحات آپ کو انگریزی میں پڑھنے کو ملیں گی، میں نے ساتھ ساتھ اردو ترجمہ دینے کی کوشش کی ہے تا کہ اس مضمون سے دلچسپی رکھنے والے طلباء اور عام قارئین بھی مستفید ہوں۔

مینڈک

مینڈک ہم پاکستانیوں کے لئے کوئی اجنبی جانور نہیں، موسم گرما شروع ہوتے ہی سر شام ستاروں کے جلو میں رات کے خنک اندھیرے میں چھوٹے بڑے مینڈک گھروں، پارکوں، راستوں میں چلتے پھرتے اچھلتے کودتے نظر آتے ہیں۔ بعض اوقات ان سے بچ کر چلنا مشکل ہو جاتا ہے۔ سر شام بجلی کے روشن قمقموں کے نیچے ادھر اُدھر پُھدک پُھدک کر پتنگوں اور کیڑوں مکوڑوں کا پیچھا کرتے ہوئے عجیب نظارہ پیش کرتے ہیں۔ سبھی ایک ہی ضرورت کے لئے بغیر لڑے بھڑے مصروف عمل دکھائی دیتے ہیں۔ ان کے فراخ منہ اور تھیلا نما پیٹ ان کی اشتہا کی غمازی کرتے ہیں۔

مینڈک کے جسم میں ریڑھ کی سنگلی Vertebral column پائی جاتی ہے اس لئے یہ فقاریہ جانور (vertebrates) ہیں۔ جنہیں رہن سہن کے لحاظ سے تین گروہوں میں منقسم کیا جاتا ہے۔

1۔ پانی میں رہنے والے جو خشکی پر رہ نہیں سکتے۔ مچھلیاں وغیرہ۔

2۔ پانی اور خشکی دونوں میں رہ سکنے والے (amphibious) مینڈک، کچھوے، مگرمچھ اور سمندری سانپ۔

3۔ خشکی پر رہنے والے: کرلے، سانپ، پرندے اور ممالیا (دودھ دینے والے جانور)۔

پانی اور خشکی پر رہنے والے جانوروں کے مزید دو گروہ ہیں۔

ننگی جلد والے فقاریہ جانور:

ان جانوروں کی جلد ننگی ہوتی ہے، خشکی پر انہیں سوکھ جانے کا خطرہ رہتا ہے۔ چنانچہ مینڈک اور ان کی قبیل کے جانور آبی اور خشکی کے جل تھل ماحول میں رہتے ہیں۔ انہیں جل تھلیے (Amphibia) کہا جاتا ہے۔ ان کے سائنسی مطالعہ کو Amphibiology کہا جاتا ہے۔ ان جانوروں کے انڈے سخت خول کی بجائے نرم و نازک جھلیوں میں بند ہوتے ہیں۔ ان کے ہاتھوں اور پاؤں میں چار چار انگلیاں ہوتی ہیں۔

ڈھکی جلد والے فقاریہ جانور:

ان جانوروں کی جلد چانوں (Scales) سے ڈھکی ہوئی ہوتی ہے۔ یہ خشکی پر رہتے ہیں، انڈوں کے گرد سخت خول ہوتا ہے، (سوائے سانپ کے) پنجوں میں پانچ پانچ انگلیاں ہوتی ہیں۔ جیسے کچھوے، مگرمچھ، کرلے اور سانپ وغیرہ، انہیں اردو میں ''خزندے'' کہا جاتا ہے اور سائنسی لحاظ سے یہ Reptiles کہلاتے ہیں اصطلاح میں ''ہوام'' یا (herps) کہلاتے ہیں۔ علم حیوانیات میں ان جانوروں کے مطالعے کو ''ہوامیات'' (Herpetology) کہا جاتا ہے۔

کچھوے اور مگرمچھ کچھ اس قسم کے عجیب خزندے ہیں جو باوجودیکہ ان کے جسم پر چانے ہوتے ہیں، مگر جل تھلیوں کی طرح جل تھل ماحول میں رہتے ہیں۔ اس طرح یہ خشکی پر رہنے والے Reptiles (کرلوں اور سانپوں) سے مختلف ماحول میں زندگی گزارتے ہیں۔

ایک وضاحت

قبل اس کے کہ اس مضمون میں مزید کچھ لکھا جائے ضروری ہے سائنسی ناموں سے متعلق کسی قدر وضاحت کر دی جائے۔ ہر سائنسی نام دو لاطینی ناموں سے مرکب ہوتا ہے۔ پہلے حصے کو generic name کہا جاتا جو جانور کی جنس genus کو ظاہر کرتا ہے، جبکہ دوسرا نام trivivial name اس جنس میں دوسری انواع سے اس جانور کی position کا تعین کرتا ہے۔ مثال کے لیے ملاحظہ ہو فیملی Bufonidae میں ہمارے اردگرد پھدکتی پھرتی ڈڈی کا سائنسی نام Bufo stomaticus ہے۔ Bufo جنس کا نام ہے جس میں اور بہت سی ڈڈی نما مینڈک شامل ہیں ان میں سے ہماری ڈڈی Stomaticus اپنے جسمانی خواص کے لحاظ سے منفرد ہے۔

جل تھلیوں کی اقسام

دنیا میں تین اقسام کے جل تھلیے پائے جاتے ہیں:

1۔ دُم کٹے جل تھلیے (Salientia:Anura) پھیپھڑوں سے سانس لیتے اور چار ٹانگوں پر پھُدک پھُدک کر خشکی پر چلتے ہیں۔ پانی میں پچھلے چپو نما پنجوں کی مدد سے پانی میں تیر لیتے ہیں۔ مثلاً مینڈک ٹوڈ۔

2۔ دُم والے جل تھلیے (Urodela: Caudata) دو قسم کے ہیں:

a)۔ سلامینڈرز (Salamanders): یہ عام طور پر زندگی پانی میں گزارتے ہیں۔ ان کی دُم اور گل پھڑے ساری عمر رہتے ہیں۔ یہ پاکستان میں نہیں پائے جاتے۔

b)۔ نیوٹس (Newts): یہ جوانی کی زندگی پانی سے باہر گزارتے ہیں۔ ان کے گل پھڑے تو معدوم ہو جاتے ہیں، مگر دُم ساری عمر رہتی ہے۔ اس لئے عام طور پر چھپکلی سے معلوم ہوتے ہیں۔ پانی کے کناروں کے ساتھ ساتھ کائی وغیرہ میں رہتے ہیں۔ یہ بھی پاکستان میں پائے نہیں جاتے۔

3۔ سی سیلی ئنز (Caecilians): ان خاص قسم کے جل تھلیوں کا جسم سانپ جیسا لمبا ہوتا ہے اور گل پھڑے اور ٹانگیں مفقود ہوتی ہیں۔ یہ کیچڑ کے جل تھل ماحول میں رہتے ہیں۔ پاکستان میں نہیں پائے جاتے۔

پاکستان میں پائے جانے والے جل تھلیے

اردو اور پنجابی میں چھوٹے بڑے، سر شام نمودار ہونے اور کیڑے مکوڑے کھانے، گندی نالیوں اور جوہڑوں میں رہنے والے گٹھے جسم کے جانوروں کے لئے ''مینڈک'' یا ''ڈڈو'' کے الفاظ استعمال ہوتا ہے، البتہ قد کاٹھ کی نسبت سے ''چھوٹے، بڑے'' کا لاحقہ مستعمل ہے۔

پاکستان میں جل تھلیوں amphibians کی دو اقسام ملتی ہیں: مینڈک frog اور غوک، ڈڈی (toad) یہ دونوں قسم کے جانور اپنے جسمانی خدوخال میں مختلف سہی مگر ان کی عادات و خصائل اور زندگانی کی ضرورتیں ایک جیسی ہیں:

1۔اگلے پنجے میں تین اور پاؤں میں پانچ انگلیاں ہوتی ہیں۔

2۔پاؤں کی انگلیوں کے درمیان باریک جھلی web ہوتی ہے جس سے پاؤں چپو کا کام کرتا ہے۔

3۔انڈے کے گرد باریک نازک جھلی ہوتی ہے۔

4۔انڈے چھوڑنے کے لیے پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ tadpoles پانی میں پلتی ہیں۔

آیئے ٹوڈ اور مینڈک کے جسمانی فرق پر ایک نظر ڈالیں:

ٹوڈ فیملی Family Bufonidae سے تعلق رکھتی ہے۔ان کے خواص درج ذیل ہیں:

☆ جلد ابھار، سخت غدود، جلد خشک۔

☆ آنکھ کے پیچھے پراٹڈ غدود parotid gland موجود ہوتا ہے۔

☆ انڈے لمبی لڑیوں میں ملفوف ہوتے ہیں۔

☆ ٹوڈز پانی سے دور خشک جگہوں میں جاسکتے ہیں، مگر انڈے دینے کے لئے پانی کی ضرورت رہتی ہے۔

پاکستان میں ٹوڈز کی انواع

پاکستان کے طول وعرض میں 11 انواع کی ٹوڈز پائی جاتی ہیں، ان میں سے زیادہ تر مشرقی، شمالی اور مغربی پہاڑی سلسلوں میں پھیلی ہوئی ہیں۔ میدانی علاقوں میں ایک نوع Bufo stomaticus ہے۔(جسے عرف عام میں ڈڈی کہا جاتا ہے)۔ یہ نوع پہاڑی علاقوں تک پھیلی ہوئی ہے۔

جونہی موسمِ برسات شروع ہوتا ہے۔نر بارش کے پانی میں اکٹھے ہوکر اپنی مخصوص آواز ''ریں، ریں، ریں'' میں اونچے اونچے ٹرانا شروع کر دیتے ہیں، کہ کان پڑی آواز سنائی نہیں دیتی۔

مینڈک فیملی Family Ranidae سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مخصوص خواص درج ذیل ہیں:

☆ جسم کھلا، لمبا۔ٹانگیں لمبی، پاؤں کی اُنگلیوں کے درمیان نمایاں جھلی (web)۔

☆ جلد ہموار، لیسدار، پشت پر چھوٹے ابھار یا لمبی سلوٹیں۔

☆ پراٹڈ غدود مفقود۔

☆ انڈے چھوٹے چھوٹے گچھوں کی شکل میں۔

☆ مینڈک خاص طور پر جوہڑوں اور مرطوب جگہوں کو پسند کرتے ہیں اور آس پاس رہتے ہیں۔ خشکی پر زیادہ دور نہیں جاسکتے۔

پاکستان میں مینڈکوں کی انواع

پاکستان میں 13 انواع کے مینڈک پائے جاتے ہیں۔جن میں سے 4 ہمارے اردگرد میدانی علاقوں میں پائے جاتے ہیں۔ میں دو کا ذکر کرتا ہوں، جنہیں ہم موسم گرما میں عام طور پر اپنے اردگرد دیکھتے ہیں:

Hoplobatrachus Tigerinus

اسے ہم عرف عام میں بسنتی مینڈک، یا گڑاں مینڈک کہتے ہیں۔موسم گرما کی برسات کے شروع ہوتے ہی یہ پیلے رنگ کے بڑے بڑے جل تھلیے کھیتوں کھلیانوں میں بارشی پانی میں اکٹھے ہوکر اپنی مخصوص آواز ''گڑاں، گڑاں، گڑاں'' میں ٹرانا شروع کرتے ہیں۔

Euphlyctis cyanophlyctis

یہ چھوٹا چھپڑی مینڈک پاکستان بھر میں ہر کھڑے پانی میں سارا سال دیکھا جاسکتا ہے۔ پانی سے باہر نہیں آتا۔ پانی کی سطح پر ادھر ادھر اچھلتا کودتا جاتا ہے۔ اس کی مخصوص ٹراہٹ ''چھک، چھک'' سارا سال جوہڑوں سے سنائی دیتی رہتی ہے۔

جل تھلیوں کی عادات وخصائل

موسم گرما کی پہلی بارش جہاں ہمارے لئے باعث مسرت ہوتی ہے، مینڈکوں کے لئے زندگی اور پیار ومحبت کا پیغام لے کر آتی ہے۔سرِشام مختلف انواع کے چھوٹے موٹے مینڈک جوق در جوق بارش کے پانی سے بھرے نشیبی علاقوں کا رخ کرتے ہیں۔ نر اکٹھے ہوکر مختلف اونچے نیچے سروں میں ٹرانا شروع کر دیتے ہیں۔ ان کے ٹرانے کی آواز گلے سے نکلتی ہوئی ''کریں، کریں، کریں''۔ ''بام، بام''۔ گچھ، گچھ۔گڑاں، گڑاں۔''ٹک، ٹک''۔رات کے سناٹے میں دور ونزدیک مشتہر ہوتی ہے، جسے سن کر دور ونزدیک کے اور مینڈک بھی ان نشیبی علاقوں کا رخ کرتے ہیں اور ان مختلف گانے والوں کی موٹی، باریک، سریلی اور بھدی آوازوں کی محفل موسیقی ساری رات کے لیے سج جاتی ہے۔جس کے دوران تولیدی جوڑے بنتے ہیں۔ مادہ نر کو پشت پر سوار کئے جوہڑ کے کسی پُرسکون کونے میں پھدک پھدک کر چلی جاتی ہے۔ جونہی مادہ کے مقعدی راستے سے انڈے برآمد ہوتے ہیں، نر اُن پر اپنا تولیدی مادہ چھڑکتا جاتا ہے۔ ہر نوع اپنے انڈے مختلف انداز میں پانی میں چھوڑتی ہے۔

مینڈک کا انداز زندگی

مینڈکی اور مینڈک انڈے چھوڑ کر جان بچا کر بھاگ جاتے ہیں۔سورج کی گرمی، پانی سے آکسیجن نمو میں مدد دیتی ہے اور بار آور (Fertilized) انڈا ایک خلیے سے دو۔چار۔آٹھ۔سولہ......خلیات میں تقسیم ہوتا ہوا دو، چار دنوں میں خلیات کا گیند سا بن جاتا ہے، جس میں خلیات کے ہیر پھیر سے جھلیاں بنتی ہیں، جن سے عضلات، اعصابی ریشے، دماغ سے متعلق اعضاء آنکھ، کان وغیرہ بنتے ہیں، ساتھ ہی ساتھ منہ اور انتڑیاں، گل پھڑے اور دم بن جاتی ہے۔اور ''ڈڈ مچھی'' یا Tadpole کے غول کے غول پانی میں اِدھر اُدھر تیر کر اپنے تیز دانتوں سے کائی اور گھاس پھونس کُھرچ کُھرچ کر کھاتی ہیں، جسم کے باقی اعضاء کی تکمیل کا انتظار کرتی ہیں۔آخر دم آہستہ آہستہ سکڑ کر غائب ہو جاتی ہے، اگلی پچھلی ٹانگیں نمودار ہو جاتی ہیں۔گل پھڑے غائب اور پھیپھڑوں سے سانس شروع ہو جاتا ہے۔اس طرح ایک مچھلی نما ڈڈ مچھی سے ایک پھدکتا، سانس لیتا، چھوٹا سا مینڈک خشکی پر چار ٹانگوں کے ساتھ پھدک کر چڑھ آتا ہے۔ جب انسان اس ازخود رفتہ کڑی در کڑی عمل کا مطالعہ کرتا ہے تو بے اختیار پکار اٹھتا ہے''۔کتنا پاک ہے اللہ جو ہر تخلیق کو ایک حسن کے ساتھ تکمیل دیتا ہے''۔

بارشی موسم میں جوہڑوں کے آس پاس ان مینڈکیوں کے غول کے غول پانی سے نکل کر اردگرد کے کھیتوں کا رخ کرتے ہیں، ان جگہوں سے گزرتے وقت انہیں کچلے بغیر گزرنا مشکل ہوتا ہے۔ یہ مینڈکیاں چھوٹے چھوٹے کیڑے شکار کرتی ہیں اور اگلے ایک دو سال میں جوان ہوکر تولیدی عمل میں حصہ لیتی ہیں۔

جل تھلیائی جسمانی بناوٹ اور دلچسپ حقائق

ویسے تو مینڈک ایک مجبور ومقہور مخلوق دکھائی دیتا ہے، بچاؤ کے لئے نہ اس کے جسم کے گرد سخت چانوں کا حصار ہے، نہ بال اور پر، نہ پھرتی کہ حملہ آور کے اچانک حملہ سے بھاگ کر اپنا بچاؤ کر سکے۔ نہ بے چارے کے منہ میں دانت، نہ ہاتھ پاؤں میں تیز پنجے، نہ ٹانگوں میں سکت کہ دشمنوں کا مقابلہ کر سکے یا کم ازکم بھاگ کر ہی جان بچا سکے! آئے دن لوگوں کے پاؤں اور گاڑیوں کے نیچے، سڑکوں، راستوں میں بے دردی سے روندے اور کچلے، زخمی چھوٹے بڑے مینڈک سڑکوں اور راستوں کے کنارے ہاتھ پاؤں تڑا کر تڑپ تڑپ کر مرے پڑے ملتے ہیں۔

حیرت ہوتی ہے کہ صانع حقیقی کی اس خلقت میں کیا حکمت ہے؟ دراصل جل تھلئے روئے زمین پر زندگی کے ارتقائی تسلسل میں اس کڑی کی نمائندگی کرتے ہیں جو مچھلیوں سے ترقی کرکے چار پایوں کی شکل میں خشکی پر نمودار ہوئی۔

مگر مینڈک کے لئے ایسی بھی کوئی لاچارگی نہیں۔ قدرت نے اسے دشمنوں سے بچاؤ کے لئے بہت مؤثر ہتھیار عطا فرمائے ہیں جن کے بل بوتے پر گزشتہ 190 ملین سالوں سے بظاہر لاچار اور خطرات سے گھرا ہوا مینڈک ازمنہ قدیم سے حوادث کا مقابلہ بڑی ہمت سے کرتا چلا آرہا ہے۔اس کی نرم وملائم لیسدار کھال، چپو جیسے پاؤں پانی میں تیز تیرنے میں مدد دے کر اسے آبی دشمنوں سے بچاتے ہیں۔اسی طرح خشکی پر زندگی گزارنے کے لئے مینڈک کو بے انتہا اقسام کے دشمنوں فنگس fungi، وائیریسز viruses اور خون پینے والے اور مار کھانے والے جانوروں یعنی سانپوں، نیولوں، چمگادڑوں، چوہوں وغیرہ کا مقابلہ کرنا پڑتا ہے، جس کے لئے قدرت نے اسے حفاظتی لباس عطا کیا ہوا ہے، یعنی اس کی کھال، جس میں ٹکے مختلف زہر پیدا کرنے والے غدود خشکی پر دشمنوں سے عافیت عطا کرتے ہیں۔ دنیا میں مسلسل بقا جدو جہد کا ہی دوسرا نام ہے، جس کے لئے مہیا تمام وسائل خرچ کرنا پڑتے ہیں۔مینڈک پانی میں خطرات سے بچتا ہوا خشکی پر کود آتا ہے اور اندھیری جگہوں میں پناہ لیتا، اپنی زہر آلود رطوبات سے دشمنوں کا مقابلہ کرتا ہوا، گھاس پھونس میں چھپتا چھپاتا زندگی گزارتا ہے۔

مگر انسان مینڈک کا سب سے بڑا دشمن ثابت ہوا ہے۔جس نے مینڈک کو قدرت کی طرف سے عطا کردہ ہر عافیت کے حصار کو پامال کرکے رکھ دیا ہے۔ وہ اجاڑ ویرانے جہاں مینڈک انسانی دنیا سے الگ ہوکر صدیوں سے سکون محبت اور پیار کے گانے گاتے ہوئے اپنے انڈے بچے پالتا رہا تھا، وہاں اب بڑی بڑی فیکٹریاں اور رہائشی میپلیکس. اور سڑکوں کے جالوں نے جگہ لے لی ہے اور بچارا بے گھر مینڈک سڑک پر عافیت کی تلاش میں مارے مارے پھرتے ہوئے پاؤں اور گاڑیوں کی زد میں کچلا، مسلا اور زخمی سسکتے بلکتے پڑا مرتا رہتا ہے۔

قدرتی طور پر دوسرے جانوروں سے ٹکراؤ سے بچتے ہوئے مینڈک رات کے وقت اپنی عافیت کے حصار سے نکلتا ہے اس خیال سے کہ آسانی اور آزادی سے گھوم پھر کر زندگی کا مزا لے سکے گا، مگر انسان کے رت جگے نے اس لطف سے بھی اس مقہور مخلوق کو محروم کر دیا ہے۔

اگر بات یہیں ٹھہری رہتی تو خیر تھی۔مگر انسان اور اس کی کرتوتوں نے تو حد ہی کر دی ہے۔ فیکٹریوں کا گند اور آلودہ پانی ندی، نالوں اور دریاؤں میں کھول کر اور کھیتوں میں کیمیائی مادے چھوڑ کر پانی کو آلودہ کر دیا ہے۔ بیچارے سادہ لوح، سادہ مزاج مینڈک کے لیے نہ یہ دنیا نہ وہ دنیا رہنے کے قابل چھوڑی ہے۔ پانی میں زہریلے کیمیاوی مادے اس کے انڈوں کے لیے زہر قاتل ثابت ہوئے ہیں۔مینڈک جلد کی طرح طرح کی جان لیوا بیماریوں کا شکار ہو جاتا ہے۔اس پر مستزاد

global warming کے باعث wetlands مسلسل سکھاؤ کا شکار ہیں۔ الغرض مینڈک پر ہر طرف سے عرصہ حیات تنگ سے تنگ کیا جا رہا ہے۔ سائنسدانوں کی تحقیق کے مطابق ان نامساعد حالات کا مقابلہ کرتے کرتے گزشتہ صدی کے دوران ہزاروں جل تھلیوں کی انواع ہمیشہ کے لیے معدوم ہوچکی ہیں اور کئی معدومیت کے خطرے کے دھانے پر کھڑی ہیں۔

مینڈک ایک خادم انسان جانور

اس عنوان سے یقیناً کئی لوگ چونک گئے ہوں گے۔ جی ہاں! یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ مینڈک ہی وہ واحد فقاریہ جانور ہیں جو کبھی بھی نوع انسان کے لئے کسی طور ضرر رساں نہیں۔ نہ ہی کوئی مینڈک کاٹنے پڑتا ہے، نہ ہی کبھی کسی مینڈک کے کاٹنے سے کسی نقصان کا احتمال ہوا ہے اور نہ ہی یہ جانور فصلوں کو کسی قسم کا نقصان پہنچاتے ہیں نہ ہی ان کے باعث غلے کے ذخیروں میں کسی قسم کی کمی کا احتمال ہے۔ ہاں کبھی ہماری بے احتیاطی کے سبب مینڈک کی جلد میں موجود زہریلے غدودوں کی رطوبات انسانی خوراک میں شامل ہو جائیں تو کھانے والوں کے لئے تکلیف کا باعث بنتی ہیں۔ دراصل قدرت نے مینڈک کو تو یہی ایک بچاؤ کے لئے ہتھیار دیا ہے۔ وگرنہ صدیوں پہلے مینڈک دوسرے جانوروں کا شکار بن کر معدوم ہوچکے ہوتے۔ یہ ہتھیار ان کی کھال میں زہریلے غدود ہیں۔ جن کی رطوبات سے مینڈک کا نرم ونازک جسم جراثیموں کے حملے اور موذی گوشت خور جانوروں سے بچا رہتا ہے۔

ہم بچپن سے مینڈک شہزادے کی کہانی پڑھتے چلے آئے ہیں، جس کا طلسم شہزادی کے پیار سے ٹوٹا تھا اور شہزادہ مینڈک شہزادے کی شکل میں ہمیشہ کے لئے لوٹ آیا تھا۔ انسان کو مینڈک کی افادیت کا اب جاکے احساس ہوا ہے۔ مینڈک کا پروٹین سے بھرپور گوشت دنیا بھر میں بڑے شوق سے کھایا جاتا ہے۔ بڑی احتیاط سے کھال اتار کر اس کے نرم اور لذیذ گوشت سے پُرلطف کھانے تیار کئے جاتے ہیں اور اکثر غریب ممالک میں پروٹین حاصل کرنے کا یہی واحد ذریعہ ہے۔ کوریا میں تو لوگ کھیتوں کھلیانوں سے چھوٹے چھوٹے مینڈک جن کی جسمانی لمبائی مشکل سے 30 سے 40 ملی میٹر ہوتی ہے، کھیتوں سے پکڑ لاتے ہیں۔ بڑے شوق سے شوربہ تیار کیا جاتا ہے اور اپنے عزیزوں اور دوستوں کی ضیافت کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ غریب ملکوں کو چھوڑیئے، کیا آپ یقین کریں گے کہ امریکہ جیسے امیر ملک نے 1988ء کے اوائل میں چودہ لاکھ پاؤنڈ مینڈک کا گوشت درآمد کیا تھا۔ جبکہ فرانس نے 1973ء اور 1987ء کے دوران سنتالیس ہزار ٹن مینڈک کا گوشت درآمد کیا۔ ان اعداد وشمار سے آپ مغربی ممالک میں مینڈک کے گوشت کے اشتیاق کا اندازہ کرسکتے ہیں۔ یہ گوشت زیادہ تر ہندوستان، انڈونیشیا، چین اور بنگلہ دیش سے برآمد کیا جاتا ہے۔ اس تجارت سے ان ممالک کو اچھا خاصا زرمبادلہ حاصل ہوتا تھا۔ مگر جلد ہی ان ممالک میں محسوس کیا گیا ہے کہ ماحول میں مینڈکوں کی کمی کے باعث ضرر رساں کیڑے مکوڑوں، مکھیوں اور مچھروں کی زیادتی کی وجہ سے فصلیں تباہ اور کئی قسم کی بیماریاں پھوٹ پڑیں۔ چنانچہ ماہرین حیات نے فوری طور پر مینڈکوں کے اس استعمال پر پابندیاں لگانے کا مطالبہ کیا۔ برا ہو انسانی لالچ کا ابھی تک کسی نہ کسی طریق یہ تجارت کچھ نہ کچھ جاری ہے۔

اس منافع بخش تجارت کو جاری رکھنے کے لئے اب کئی ممالک میں frog farming شروع کردی گئی ہے۔ قدرتی ماحول سے کچھ نر اور مادہ مینڈک پکڑ لئے جاتے ہیں۔ انہیں پانی کے حوضوں میں مصنوعی خوراک پر رکھا جاتا ہے۔ مصنوعی بارش سے انہیں عمل تولید کے لئے تیار کیا جاتا ہے۔ انڈوں اور ٹیڈپولز کی پرداخت کی جاتی ہے۔ جس کے دوران انہیں مخصوص موٹا کرنے والی فیڈ پر رکھا جاتا ہے۔ موٹے تازے مینڈک تین چار ماہ میں مارکیٹ میں جانے کے لئے تیار ہو جاتے ہیں۔ اس حکمت عملی سے قدرتی ماحول میں مینڈکوں کو نقصان پہنچائے بغیر مینڈک کا گوشت مارکیٹ میں مہیا کرکے زرمبادلہ کمایا جا رہا ہے۔

مینڈک صرف انسانی غذائی ضروریات ہی بہم نہیں پہنچاتے، بلکہ انسان کی علمی اور سائنسی ترقی میں بھی ان کا بھرپور حصہ ہے۔ دنیا بھر کی درسگاہوں تحقیقی اداروں اور سائنسی تجربہ گاہوں میں قسم قسم کے تجربات میں مینڈک استعمال ہو رہے ہیں۔ کیونکہ مینڈک ہی وہ واحد فقاریہ جانور ہیں جو بغیر کھائے پیئے طویل عرصہ تک زندہ رہ سکتے ہیں۔ ان کی سادہ جسمانی بناوٹ اور تھوڑی اور آسانی سے مہیا کرنے کے قابل ضروریات زندگی کی وجہ سے یہ تجربات کے لئے موزوں ترین جانور خیال کئے جاتے ہیں۔ جنین کی نمو اور نشوونما کے مسائل سے لے کر، جسم میں رطوبتوں کی پیدائش اور عمل دخل، جسم کے مختلف حصوں کی کارکردگی، نیز دماغ اور اعصاب کے تعلق اور فعل تک کی تمام تحقیقات زیادہ تر مینڈک پر ہورہی ہے۔

مینڈک کا انڈا قطر میں دو سے تین ملی میٹر ہوتا ہے، اسے نشوونما کے لئے صرف پانی کی ضرورت ہوتی ہے، اس کی بارآوری بھی مادہ کے جسم سے باہر پانی میں ہوتی ہے۔ چنانچہ انڈے کی نمو، پیدائش، بارآوری اور لاروے کے بننے تک کے تمام مراحل عام پانی میں طے ہوتے ہیں۔ جن کے لیبارٹری مطالعہ سے سائنسدانوں کو حیوانی جسم کی نمو کے بارہ میں بے انتہا معلومات حاصل ہوئی ہیں۔ اسی طرح مینڈک کا لاروا کئی شکلیں بدلتا ہوا مینڈک بنتا ہے۔ اس عمل کے دوران کئی اعضا بنتے اور کئی تحلیل ہوتے ہیں۔ اس تخلیق اور تحلیل کے مطالعہ سے سائنسدانوں کو انسانی جسم میں ہونے والی شکست وریخت کو سمجھنے میں آسانی ہوتی ہے۔ اسی طرح اعضاء کی پیوندکاری کے مسائل، نمو کے مسائل اور جینیات کے متعلق مسائل کے حل میں بہت مدد مل رہی ہے۔ اعصاب کے باہم ربط اور اعصابی روکی ماہیت اور کارکردگی کے مسائل حل ہوئے ہیں۔

کوئی بھی حیاتیاتی تحقیقی مجلّہ اٹھا لیجئے تقریباً 75 فیصد مضامین مینڈکوں پر تحقیق سے حاصل شدہ معلومات پر مشتمل ہوں گے۔ کئی سائنسدان مختلف مسائل کے حل کے لیئے مینڈک پر تحقیق کرکے اہم دریافتوں کی وجہ سے نوبیل انعام حاصل کرچکے ہیں۔ اس طرح مینڈک پر تحقیق کا دن بدن دائرہ وسیع سے وسیع تر ہوتا جا رہا ہے۔ اس میدان میں مینڈک کی افادیت contribution خدمت انسانی میں باقی تمام جانوروں سے زیادہ ہے۔

مینڈک کے علاوہ مینڈک کے انڈوں اور لاروؤں میں بھی زہریلا مادہ پایا جاتا ہے جو مینڈک کو زندگی کے ہر مرحلے میں دشمنوں سے تحفظ دیتا اور اس کی بقا کا ضامن ہے۔ سائنسدانوں نے مینڈک کے زہر اور اس کی ماہیت پر بھی تحقیق کی ہے۔ جس سے قابل قدر معلومات حاصل ہورہی ہیں اور انسانی صحت وتندرستی کے مسائل کے حل کرنے میں مدد مل رہی ہے۔ ان رطوبات میں درد دور کرنے والے اجزاء بھی پائے گئے ہیں۔ اس زہر سے نشہ پیدا کئے بغیر درد دور کرنے کی دوا بنالی گئی ہے۔ جو دماغ اور دماغی امراض پر تحقیق اور ان کے علاج میں بہت مفید ثابت ہورہی ہے۔

مینڈک عام ماحول میں، بغیر کسی خاص اہتمام و انصرام کے، دوسرے جانوروں کے شانہ بشانہ اپنے معمولات زندگی جاری رکھتے ہیں۔ چنانچہ سائنسدان مینڈکوں کے معمولات زندگی پر اثرانداز ہوئے بغیر ان کی روزمرہ زندگی کا مطالعہ کرکے حیوانی رویوں اور ارتقاء کے مسائل سمجھنے کے سلسلے میں مفید نتائج اخذ کررہے ہیں۔

ہر علاقے کے مینڈک اپنے مخصوص خوشگوار اور سازگار ماحول میں بڑی تیزی سے پھلتے پھولتے ہیں۔ ماحولیاتی اور موسمی تبدیلیوں کا سب سے زیادہ اثر مینڈک محسوس کرتے ہیں۔ موجودہ دور میں ہونے والی ناخوشگوار ماحولیاتی تبدیلیوں کے بداثرات مینڈکوں پر بڑی شدت سے اثرانداز ہو رہے ہیں۔ دنیا کے کئی علاقوں کے مخصوص مینڈک آہستہ آہستہ معدوم ہوتے جارہے ہیں۔ دنیا بھر کے سائنسدان مینڈکوں کی انحطاط پذیر انواع کو بچانے کی کوشش میں لگے ہوئے ہیں۔

اس تحقیق اور مطالعہ کا ایک ضمنی فائدہ ماحولیاتی تبدیلیوں کا جانوروں کے ارتقاء پر اثر سے متعلق مسائل سے آگاہی ہے۔ یہ ماحولیاتی تبدیلیاں کسی علاقے کے مینڈکوں کو چھوٹے چھوٹے گروہوں میں توڑ دیتی ہیں، جن میں کچھ عرصہ بعد جینیاتی تبدیلیوں کے باعث جسمانی اور فعلی تبدیلیاں پیدا ہوکر نئی انواع پیدا کرنے کا باعث بنتی ہیں۔ اس طرح انواع کے ارتقاء اور بقا کے مسائل سمجھنے میں مینڈک پر مطالعہ سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔

ماحولیاتی تبدیلیاں آہستہ آہستہ واقع ہوتی ہیں۔ ارتقائی طور پر ارفع جانوروں میں ان تبدیلیوں کا بظاہر کوئی اثر دکھائی نہیں دیتا۔ لیکن یہ نامعلوم تبدیلیاں مینڈکوں پر اثرانداز ہوتی ہیں۔ جن کے باعث انڈے صحیح طور پر نموپذیر نہیں ہوتے اور ان سے بیمار لاروے پیدا ہوتے ہیں، جو یا تو جلد ہی مرجاتے ہیں، یا بیمار مینڈکوں کو پیدا کرتے ہیں، جو بیماریوں کا جلد شکار ہوکر مرجاتے ہیں۔ جس کے باعث مینڈکوں کی تعداد میں کمی واقع ہوجاتی ہے۔ پانی میں زہریلے مادوں سے مینڈکوں میں طرح طرح کی بیماریاں پیدا ہوجاتی ہیں۔ مینڈک کی جاذب جلد ماحولیاتی تبدیلیوں سے گہرا اثر لیتی ہے۔ اس بنا پر مینڈک کو 'حیاتیاتی اظہار کنندہ' (Bio Indicator) کہا جاتا ہے۔

سائنسدان جونہی کسی علاقے کے مینڈکوں کی تعداد، عادات وخصائل یا رویے میں کوئی تبدیلی دیکھتے ہیں، تو انہیں معلوم ہوجاتا ہے کہ ضرور ماحول میں کوئی ضرر رساں تبدیلی رونما ہورہی ہے اور وہ اس تبدیلی کا تجزیہ کرکے اس کی وجوہات معلوم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ گزشتہ کچھ عرصے سے دنیا کے کئی علاقوں میں مینڈکوں کی تعداد کم ہوئی ہیں جس کا زیادہ تر باعث طرح طرح کی نئی نئی بیماریوں کا ظہور ہے جس کی وجہ ماحولیاتی آلودگی، ماحول میں زہریلے عناصر کی زیادتی اور مفید عناصر کی کمی قرار دی جارہی ہے۔ اسی طرح موسموں میں غیر معمولی تبدیلیوں کو بھی اس کا بڑا سبب قرار دیا جارہا ہے۔

غرضیکہ سائنسدان طویل عرصے سے مینڈکوں کا مسلسل اور کئی جہات سے عمیق مطالعہ کرکے حیات انسانی کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچانے کی کوشش کررہے ہیں اور دنیا بھر کے لوگوں کو متنبہ کر رہے ہیں کہ ماحولیاتی آلودگی کو کم کرکے مینڈک جیسے بے ضرر اور دوست جانور کو کمیاب اور معدوم ہونے سے بچائیں۔ جس میں نہ صرف انسانی فائدہ ہے بلکہ زندگی کی بقا کا انحصار ہے۔ آخرکار اب وقت آگیا ہے کہ انسان اپنی بقا کے لئے اس کیچڑ آلود مخلوق کی حفاظت کرکے اپنی آئندہ نسلوں کی صحت وعافیت کو دوام بخشنے کا مسلسل جتن کرے۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 107965 میں وارث علی

ولد شہاب دین قوم انصاری پیشہ طالبعلم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن خیر پور ضلع قصور پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 05-07-11 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جوبھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تواس کی اطلاع مجلس کارپرداز کوکرتا رہوں گا اوراس پربھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔وارث علی گواہ شدنمبر1 طاہر احمد ساجد ولد محمد ادریس گواہ شدنمبر2 شیر احمد ولد محمد عبداللطیف

مسل نمبر 107966 میں چوہدری محمد رشید

ولد چوہدری محمد عبداللہ قوم جٹ پیشہ زراعت عمر 73 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Dargan Wali ضلع سیالکوٹ پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 22-07-11 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زرعی زمین 12 ایکڑ واقع سیالکوٹ مالیت-/16,00,000 روپے (2) مکان 8 مرلہ واقع سیالکوٹ مالیت-/2,00,000 روپے (3) کمپاؤنڈ 7 مرلہ مالیت-/150,000 روپے اس وقت مجھے مبلغ-/3000 روپے ماہوار بصورت زراعت مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جوبھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پربھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے العبد۔چوہدری محمد رشید گواہ شدنمبر1 وحید احمد چوہدری ولد چوہدری عبدالرحیم گواہ شدنمبر2 طاہر احمد ولد چوہدری محمد رشید

مسل نمبر 107967 میں نشاط حبیب

بنت حبیب اللہ قوم مانگٹ پیشہ طالبعلم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن مانگٹ اونچا ضلع حافظ آباد پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 25-07-11 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جوبھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔نشاط حبیب گواہ شدنمبر1 منور احمد ولد محمد حسین گواہ شدنمبر2 عاطف شہزاد ولد منور احمد

مسل نمبر 107968 میں سعیدہ حمید

بنت عبدالحمید قوم ہنجرا پیشہ طالبعلم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن مانگٹ اونچا ضلع حافظ آباد پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 25-07-11 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جوبھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی اوراس پربھی وصیت حاوی ہو گی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔سعیدہ حمید گواہ شد نمبر1 منور احمد ولد محمد حسین گواہ شدنمبر2 عبدالحمید ولد عبدالکریم

مسل نمبر 107969 میں روحینا منظور

بنت منظور احمد قوم انصاری پیشہ طالبعلم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن مانگٹ اونچا ضلع حافظ آباد پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 24-07-11 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جوبھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے الامتہ۔روحینا منظور گواہ شدنمبر1 منور احمد ولد محمد حسین گواہ شدنمبر2 عاطف شہزاد ولد منور احمد

مسل نمبر 107970 میں نصرت بانو ڈار

بنت محمد اکرم ڈار قوم ...... پیشہ خانہ داری عمر 60 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن فاروق آباد ضلع شیخوپورہ پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 05-10-10 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) کیش از ترکہ مالیت-/100,000 روپے (2) جیولری گولڈ 9 ماشہ مالیت-/33,000 روپے اس وقت مجھے مبلغ-/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جوبھی ہو گی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔نصرت بانو ڈار گواہ شدنمبر1 محمد افضل ڈار ولد محمد اکرم ڈار گواہ شدنمبر2 باسط احمد ڈار ولد محمد شفیع ڈار

مسل نمبر 107971 میں ریحان احمد سہیل

ولد محمد رفیع قوم کھوکھر پیشہ طالبعلم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک RB/169 گرمولہ ضلع شیخوپورہ پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 29-07-11 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جوبھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پربھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔ریحان احمد سہیل گواہ شدنمبر1 طارق محمود ولد غلام محمد گواہ شدنمبر2 صالح محمد ولد غلام محمد

مسل نمبر 107972 میں شاہد محمود

ولد گلزار حسین قوم آرائیں پیشہ طالبعلم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن خانقاں ڈوگراں ضلع شیخوپورہ پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 25-06-11 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) پلاٹ مشترکہ 4 مرلہ واقع خانقاں ڈوگراں مالیت...... اس وقت مجھے مبلغ-/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جوبھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پربھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔شاہد محمود گواہ شدنمبر1 طاہر محمود ولد گلزار حسین گواہ شدنمبر2 شہزاد احمد جٹ ولد نور احمد جٹ

مسل نمبر 107973 میں ملک محمد بوٹا

ولد رحمت علی قوم اعوان پیشہ زراعت عمر 51 سال بیعت 1994ء ساکن ضلع گوجرانوالہ پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 06-04-11 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زرعی زمین 18 ایکڑ واقع دولم چک گوجرانوالہ مالیت...... (2) مکان 1 کنال واقع دولم چک گوجرانوالہ مالیت-/400,000 روپے (3) مکان 4.5 کنال واقع پیپلز کالونی گوجرانوالہ مالیت-/33,00,000 روپے اس وقت مجھے مبلغ-/20,000 روپے ماہوار بصورت زراعت مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جوبھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پربھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے العبد۔ملک محمد بوٹا گواہ شدنمبر1 شعیب احمد ولد عبدالمجید گواہ شدنمبر2 محسن یعقوب مرزا ولد محمد یعقوب مرزا

مسل نمبر 107974 میں گلفام نواز

ولد خوشی محمد قوم آرائیں پیشہ طالبعلم عمر 26 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ضلع گوجرانوالہ پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 05-08-11 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/30,000 روپے ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جوبھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا اوراس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔گلفام نواز گواہ شد نمبر1 منور احمد ولد رحمت علی گواہ شدنمبر2 حکیم عبدالقدیر انجم ولد بشیر احمد

مسل نمبر 107975 میں ممتاز بیگم

